يَكُونُ فِي آخِرِ أُمَّتِي خَلِيفَةٌ يَحْثِي الْمَالَ حَثْيًا وَلَا يَعُدُّهُ عَدًّا مسلم شریف

كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيكُمْ وَإِمَامُكُمْ مِنْكُمْ متفق علیہ

اسلام میں امام مہدی رضی اللہ عنہ کا تصور

امام مہدیؓ سے متعلق اہلسنت والجماعت کا عقیدہ، نام و نسب، سیرت و حلیہ، علامات ظہور مہدیؓ، صحیحین میں امام مہدیؓ سے متعلق احادیث، واقعاتی تناظر میں، منکرین و مدعیان مہدویت، اکابر علماء کی آراء و فتاویٰ

از افادات
حضرت مولانا ابو عمیر محمد یوسف خان صاحب مدظلہ
استاذ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

مؤلف
مولانا حافظ محمد ظفر اقبال
فاضل جامعہ اشرفیہ

بیت العلوم
۲۰۔ نابھہ روڈ، پرانی انارکلی لاہور۔ فون: ۷۳۵۲۲۷۳

نام کتاب: اسلام میں امام مہدی رضی اللہ عنہ کا تصور
مؤلف: حافظ محمد ظفر اقبال (فاضل جامعہ اشرفیہ لاہور)
افادات: پروفیسر مولانا محمد یوسف خان صاحب
(استاذ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور)

باہتمام: محمد ناظم اشرف
ناشر: بیت العلوم ۲۰ نابھہ روڈ، چوک پرانی انارکلی، لاہور
فون: ۷۳۵۴۴۸۳

﴿ملنے کے پتے﴾

بیت العلوم = ۲۰ نابھہ روڈ، پرانی انارکلی، لاہور
ادارہ اسلامیات = ۱۹۰ انارکلی، لاہور
ادارہ اسلامیات = موہن روڈ چوک اردو بازار، کراچی
دارالاشاعت = اردو بازار کراچی نمبر ۱
بیت القرآن = اردو بازار کراچی نمبر ۱
بیت الکتب = گلشن اقبال، کراچی
ادارۃ المعارف = ڈاک خانہ دارالعلوم کورنگی کراچی نمبر ۱۴
مکتبہ دارالعلوم = جامعہ دارالعلوم کورنگی کراچی نمبر ۱۴
مکتبہ سید احمد شہید = الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور
مکتبہ رحمانیہ = غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

واپس بلا لے گا اور باقی لوگ خشکی میں منتشر ہو جائیں گے۔ (اس سے ملتے جلتے الفاظ مستدرک حاکم: ۴/۵۶۵ پر بھی موجود ہیں)

امام مہدیؓ کا مکہ میں روپوش ہونا:

اس وقت مہدیؓ اور بعض (اور ایک روایت کے مطابق مہدیؓ اور منصور) سات افراد کے ساتھ مکہ مکرمہ میں جا کر روپوش ہو جائیں گے، ادھر جب گورنر مدینہ کو ان کے فرار ہونے کی اطلاع ملے گی تو وہ مکہ مکرمہ کے گورنر کو یہ خط لکھے گا کہ جب تمہارے پاس فلاں فلاں نام کے آدمی پہنچیں تو انہیں قتل کر دینا، گورنر مکہ کو یہ بات بڑی ناگوار گزرے گی اور وہ اس سلسلے میں اپنے مشیروں سے مشورہ کر ہی رہا ہوگا کہ رات کے وقت وہ لوگ اس کے پاس پناہ حاصل کرنے کے لیے آ پہنچیں گے، گورنر مکہ ان سے کہے گا کہ تم یہاں بے خوف و خطر ہو کر اطمینان سے رہو۔

گورنر مکہ کا دھوکہ دینا:

اس کے بعد وہ نجانے کیا سوچ کر ان میں سے دو آدمیوں کو قتل کرنے کے لیے اپنے بندے بھیج دے گا چنانچہ ان میں سے ایک تو قتل ہو جائے گا اور دوسرا بچ جائے گا اور وہ اس طرح کہ وہ لوگ نفس زکیہ کو حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان قتل کر دیں گے، اس وقت اللہ تعالیٰ کو اور تمام آسمان والوں کو اس دھوکہ دہی پر غصہ آ جائے گا۔

ادھر وہ دوسرا شخص جو قتل ہونے سے بچ گیا ہوگا اپنے ساتھیوں کو آ کر خبر دے گا کہ ان کے ساتھ دھوکہ ہوا ہے چنانچہ وہ لوگ وہاں سے نکل کر طائف کے ایک پہاڑ پر پڑاؤ ڈالیں گے اور وہاں رہ کر لوگوں کو پیغامات کے ذریعے جہاد کی ترغیب دیں گے، لوگ اس کے لیے تیار ہو جائیں گے، جب اہل مکہ کو اس کی خبر ہوگی تو وہ ان سے جنگ کریں گے اور یہ لوگ اہل مکہ کو شکست دے کر مکہ مکرمہ میں داخل ہو جائیں گے۔